ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 20 جون 2019ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں فرسٹ جونیئر کمانڈ کورس کی افتتاحی تقریب میں آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی علاوہ ازیں اس تقریب میں ایڈیشنل آئی جی اسٹیبلشمنٹ اینڈ ٹریننگ سندھ، ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ و دیگر سینئر پولیس افسران سمیت جسٹس ریٹائرڈ حسن فیروز اور جسٹس ریٹائرڈ سرمد جلال عثمانی نے بھی بالخصوص شرکت کی۔

تقریب کے آغاز میں ڈی آئی جی ٹریننگ شوکت عباس نے اپنے خوشآمدیدم خطاب میں تمام مہمان گرامی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مذکورہ کورس کی ضرورت اور اہمیت پر مشتمل تفصیلات کا احاطہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ آئی جی سندھ کے وژن اور محکمہ پولیس سندھ کو ہر لحاظ سے ایک مستعد متحرک اور ڈسپلن فورس بنانیکے ضمن میں فرسٹ جونیئر کمانڈ کورس کا باقاعدہ آغاز کیا جارہا ہے جسکا مقصد اگلے عہدوں پر ترقی کے منتظر ڈی ایس پیز کو باقاعدہ تربیتی کورس میں شامل کرنا اور انھیں قوعد اور ضوابط کے تحت ایس پی رینک کے عہدے پر ترقی دینا ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ اس وقت اگلے عہدوں پر ترقی کے منتظر 28 ڈی ایس پیز نے فرسٹ جونیئر کمانڈ کورس میں باقاعدہ شمولیت اختیار کر کے تربیت کا آغاز کر دیا ہے۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر کلیم امام نے دوران خطاب ایس پی رینک پر ترقی پانیوالی خاتون ڈی ایس پی سمیت دیگر تمام ڈی ایس پیز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یونیفارم نام ہے ڈسپلن، خدمت اور اس حلف کی پاسداری کا کہ جو ہم نے اس فورس کو جوائن کرتے وقت اٹھایا تھا۔ہم سے پہلے بھی لوگ آئے اور بعد میں بھی آئیں گے مگر یاد صرف ان ہی کی باقی رہ جاتی ہے جنہوں نے اس وردی اور اسکی عزت کا پاس رکھتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں عملاً خدمت انسانیت کو اہمیت دی اور فرائض منصبی کے تحت عائد ذمہ داریوں کو غیر جانبدار نہ رہتے ہوئے انجام دیا۔مجھے قوی امید ہے کہ آپ تمام اپنی عملی زندگی کو خدمت اور غیر جانبداری کی ایک ایسی مثال بنائیں گے جسے محکمہ پولیس سندھ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔

ان کا کہنا تھا کہ ڈی ایس پیز کو ترقی کیلئے کورس کو لازمی بنایا جارہا ہے جسکا مقصد انکی پیشہ وارانہ مہارت تجربے اور صلاحیتوں کو مزید فروغ دینا ہے۔

اس موقع پر مہمانان گرامی میں شامل جسٹس ریٹائرڈ حسن فیروز اور سرمد جلال عثمانی نے بھی فرسٹ جونیئر کمانڈ کورس کی مناسبت سے اپنے اپنے تفصیلی خطاب میں سیر حاصل معلومات تجزیوں اور تجربات سے شرکاء تقریب کو مستفید کیا۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-